Rampur State Gazette.

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

مطبوعہ روز شنبہ بتاریخ ١٥ شعبان سنہ ١٣٥٣ھ مطابق ٢٤ نومبر سنہ ١٩٣٤ع (جلد)

حصۂ دوم

احکام منسٹر صاحبان و سکریٹری صاحبان بہادر

مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور

احکام اجلاس جناب چیف منسٹر بہاولپور

رہائی قیدیان

(۱۹ نومبر ۱۹۳۴ء)

ایمائے ہمایوں ہے کہ :-
سالگرہ مبارک کی خوشی میں صابر حسن (۱۳ فٹ [illegible]) ولد [illegible] قیدی ۱۸۸۸ اور یوسف خاں ولد چمن خاں قیدی [illegible] جیل سے رہا کئے جائیں۔

حکم ہوا کہ
روبکار ہذا توسط صاحب جوڈیشل منسٹر بہاولپور بغرض تعمیل سپرنٹنڈنٹ صاحب جیل کے پاس ارسال ہو۔
ایک نقل درج گزٹ ہو۔

(دستخط جناب چیف منسٹر بہاولپور)

رخصت

(۱۹ نومبر ۱۹۳۴ء)

مثل کاغذات درخواست رخصت از تا [illegible] لیفٹیننٹ کرنل [illegible] صاحب بغرض [illegible] دہلی [illegible] تاریخ ۱۸ نومبر ۱۹۳۴ء بوقت شام مع تحریر جناب آئی جی [illegible] بہاولپور بسفارش منظوری رخصت مطلوب ہے۔

حکم
سرکار [illegible] اقبالہم [illegible] نے رخصت کی منظوری دیدی۔
احکام جاری ہوں۔

(دستخط جناب چیف منسٹر بہاولپور)

حکم اجلاس جناب ہاؤس ہولڈ منسٹر بہادر

بافضال خداوندی وبتصدق حضرات چہاردہ معصومین علیہ السلام اعلیحضرت بندگانعالی دام اقبالہم کے محل معلّی میں ہر ہائینس عالیجناب نواب رفعت زمانی بیگم صاحبہ دام اقبالہا کے بطن مبارک سے عنقریب ولادت مولود سعید ہونیوالی ہے لہذا ضرورت ہے کہ اس خوشی کے موقع پر حسب منشائے ہمایوں حسب ذیل انتظامات کئے جائیں۔

(۱) صیغہ فوج سے قلعہ معلّی کے برجوں پر اور توپخانہ میں یکم دسمبر ۱۹۳۴ء سے سلامی توپ کا انتظام رہے اور قلعہ معلّی میں ایک کمیشنڈ افسر توپخانہ و ایک بگلر کی ڈیوٹی مقرر کیجائے کہ وہ ہر وقت حاضر رہیں جو وقت پیشگاہ ہمایوں سے حکم صادر ہو اول قلعہ معلّی کے برجوں سے اس کے بعد توپ خانہ سے اکیس اکیس ضرب سلامی کی توپیں سر کیجائیں۔

(۲) جو وقت سلامی کی توپیں سر ہوں جملہ اہالیان خاندان و اراکین ریاست فوراً حاضر قلعہ معلّے ہوکر بحضور اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم نذر تہنیت پیش کریں۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک ایک نقل جملہ منسٹر صاحبان بہادر سکریٹری صاحبان بہادر و افسران صیغہ کی خدمت میں بھیجی جائے اور ایک ایک نقل کونسل خاندان و مطبع کو جاری ہوکر اصل روبکار محکمہ عالیہ دار الانشاء میں برائے داخلت بھیجا جائے۔

دستخط جناب ہاؤس ہولڈ منسٹر بہادر

احکام اجلاس جناب صاحب ریونیو منسٹر بہادر

توسیع

(۱۵ر نومبر ۱۹۳۲ء)

حسب رپورٹ تحصیلدار صاحب جائداد ملکیت و پیر ہاوم سندر موہن کرچی کارندہ پیر بوم کی ملازمت میں ایکسال کی توسیع یکم اکتوبر ۱۹۳۲ء سے بشاہرہ موجودہ منظور کیجاتی ہے۔ مسل رشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط فار صاحب ریونیو منسٹر بہادر

رخصت

(واقع ۱۸ر نومبر ۱۹۳۲ء)

رشتہ یادداشت ناظم صاحب حلقہ شمالی باتجویز منظوری رخصت رعایتی دس یوم منشی رشید علیخاں نائب تحصیلدار نوآبادی بلاسپور شاہرہ یاب للعہ روپیہ از یوم استفادہ بذمہ داری ممتاز علی سینیر امین ۔ بنگرانی تحصیلدار صاحب بلاسپور

حکم

منشی رشید علی خاں نائب تحصیلدار نوآبادی کو رخصت رعایتی دس یوم تاریخ استفادہ سے حسب سفارش ناظم صاحب حلقہ شمالی دیا جانا منظور ہے کام کی ذمہ داری منشی ممتاز علی سینیر امین نوآبادی بنگرانی تحصیلدار صاحب بلاسپور رہے گی۔ حق رخصت رعایتی اُن کو حاصل ہے احکام جاری ہوں

دستخط فار صاحب ریونیو منسٹر بہادر

عطائے تنخواہ

۱۹ر نومبر ۱۹۳۲ء

رشتہ رپورٹ تحصیلدار صاحب بلاسپور بابت مستقلی عبدالرحیم خاں سربراہ کار مشاہرہ یاب للعہ ربربنائے رپورٹ اکاؤنٹنٹ نظامت شمالی باطلاع ختم ہو جانے مدت امتحانی تین ماہ بتاریخ ۲۹ر اکتوبر ۱۹۳۲ء۔

حکم

جناب صاحب ریونیو منسٹر بہادر بوقت معائنہ کام سربراہ کار کے حکم مستقلی فرمائینگے کیونکہ جبتک یہ کام سرکاری کرتا رہیگا۔ لہذا تا صدور حکم ثانی تنخواہ اس سربراہ کار کو بدستور ملتی رہیگی۔ بغرض کارروائی آیندہ بخدمت جناب ناظم صاحب بہادر شمالی مرسل ہو۔

(دستخط فار صاحب ریونیو منسٹر بہادر)

بمشار حکم اجلاس اعلیٰ احکام ضابطہ جاری ہوں ۲۰ر نومبر ۱۹۳۲ء

(دستخط ناظم صاحب شمالی)

رخصت

۱۹ر نومبر ۱۹۳۳ء

بابتہ یادداشت اکاؤنٹنٹ جنرل صاحب
بابتہ تصدیق استحقاق رخصت رعایتی مزید
پندرہ یوم عزیز عالم خاں اہلمد ریونیو آفس
مشاہرہ دار پندرہ روپیہ از ۱۳ر نومبر ۱۹۳۳ء

حکم

عزیز عالم خاں اہلمد کی رخصت رعایتی مزید پندرہ یوم
۱۳ لغایت ۲۷ر نومبر ۱۹۳۳ء منظور ہے۔ احکام جاری
ہوں دستخط ناظر صاحب ریونیو منسٹر بہادر

احکام اجلاس جناب صاحب منسٹر بہادر انچارج سررشتۂ تعلیم و پولیس

رخصت

۱۸ نومبر ۱۹۳۲ء

بغرض یادداشت ہیڈ مسٹرس صاحبہ خورشید گرلز اسکول دربارۂ منظوری رخصت پندرہ یوم منع کل تنخواہ مسماۃ سرور جہاں بیگم معلمہ خورشید گرلز اسکول مشاہرہ دار ۲۵ روپیہ از ۱۹ نومبر لغایتہ ۳ دسمبر ۱۹۳۲ء بوجہ علالت و عدم استحقاق رخصت رعایتی۔

حکم

حسب رپورٹ ہیڈ مسٹرس صاحبہ سرور جہاں بیگم معلمہ خورشید گرلز اسکول کی رخصت پندرہ یوم از ۱۹ نومبر تا ۳ دسمبر ۱۹۳۲ء بوضع تنخواہ منظور ہے۔ سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط فارسی صاحب منسٹر بہادر انچارج سررشتۂ تعلیم و پولیس

معافی جرمانہ

۱۹ نومبر ۱۹۳۲ء

شفیق النبی پروف ریڈر اسٹیٹ پریس پر بحکم ۱۵ اکتوبر ۱۹۳۲ء ایک روپیہ جرمانہ ہوا تھا۔ حسب سفارش صاحب کنٹرولر بہادر ہاؤس ہولڈ بتقریب جشن سالگرہ ہمایوں یہ جرمانہ معاف کیا جاتا ہے۔ اندراج مراد دولا دیا جائے۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط فارسی صاحب منسٹر بہادر انچارج سررشتۂ تعلیم و پولیس

رخصت

۱۹ نومبر ۱۹۳۲ء

حسب رپورٹ انسپکٹر صاحب مدارس ایوب حسین مدرس دوم مدرسہ کیمری تحصیل بلاسپور کی مزید رخصت بلا تنخواہ ایک ہفتہ از ۴ نومبر تا ۱۰ نومبر ۱۹۳۲ء بسلسلہ سابقہ و بانضمام موجودہ بوضع نصف تنخواہ منظور ہے۔ سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط فارسی صاحب منسٹر بہادر انچارج سررشتۂ تعلیم

رخصت

۲۰ نومبر ۱۹۳۲ء

کاغذات کے ملاحظہ سے واضح ہے کہ سید عابد علی مدرس حکیم گنج تحصیل سوار نے ۲۰ اکتوبر سے ۱۰ نومبر پندرہ یوم کی رخصت حاصل کرنے کے لئے سررشتۂ مدارس میں درخواست بھیجی تھی لیکن وہ درخواست انسپکٹری میں موصول نہ ہوئی۔ ایام رخصت ختم ہونے پر مدرس نے دوسری درخواست بھیجی جو سررشتہ انسپکٹری مدارس میں موصول ہوئی جس سے ظاہر ہے کہ مدرس پندرہ یوم کی رخصت سے مستفید ہو چکا ہے اور بقائے علالت پندرہ یوم کی مزید رخصت کا

ہے۔ سررشتہ انسپکٹری مدارس نے ان تمام امور کو ظاہر کرتے ہوئے رخصت سابقہ و حال یعنی ایکماہ کی یکجائی رخصت منظور ہونے کے لئے استدعا ہوئی ہے۔ اکاؤنٹ آفس کی تصدیق سے مدرس کو رخصت علالت کا استحقاق ہے۔ مگر چونکہ مدرس تعطیلات کلاں کے سلسلہ میں رخصت کا خواستگار ہے۔ جو مدارس متعلقات میں (تعطیلات فصلی) ۱۲ اکتوبر سے شروع ہوکر ۲۰ اکتوبر کو ختم ہوئی ہیں۔ بروئے قواعد تعطیلات کلاں کے ساتھ رخصت شامل نہیں ہوسکتی۔ لہذا سید عابد علی مدرس کی رخصت علالت سابقہ و حال معہ تعطیلات کلاں ایکماہ پندرہ یوم از ۲۱۔ اکتوبر ۱۹۳۴ء تا ۵ نومبر ۱۹۳۴ء بوضع نصف تنخواہ یکجائی منظور کیجاتی ہے۔ سررشتہ متعلقہ سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب منسٹر بہادر انچارج منسٹری تعلیم وغیرہ

عدالت العالیہ ہائی کورٹ ریاست رامپور

باجلاس مسٹر منظم علی خاں صاحب بہادر چیف جسٹس

فہرست پیشی مقدمات جن کی پیشی عدالت العالیہ ہائی کورٹ میں من ابتدائے ۱۶ نومبر ۱۹۳۴ء لغایتہ ۲۲ نومبر ۱۹۳۴ء ہوئی مشتملہ بغرض طبع مطبع سرکاری کو مرسل ہو۔ واقع ۲۰ نومبر ۱۹۳۴ء دستخط صاحب چیف جسٹس بہادر

تاریخ	دن	نام اجلاس	نام فریقین	نوعیت مقدمہ	نتیجہ
۱۶ نومبر ۱۹۳۴ء	جمعہ				تعطیل
[illegible]	۱۰	تعطیل سالگرہ اعلیحضرت بندگان حضور پُر نور دام اقبالہم و ملکہم			
[illegible]	سہ شنبہ	مسٹر منظم علی خاں صاحب بہادر چیف جسٹس	بانکے لال بنام شام لال وغیرہ	نگرانی فوجداری الزام دفعہ ۱۴۵ ضابطہ فوجداری	آج پیش ہو کر برائے سماعت یکم دسمبر حال مقرر ہوئی
″	″	ایضاً	محمد سعید بنام عمدو وغیرہ	نگرانی فوجداری جرم دفعات ۴۲۳ و ۴۹۳	آج پیش ہو کر برائے سماعت ۳ دسمبر حال [illegible] ہوئی
″	″	اجلاس کامل	مرادی لال بنام شیب چرن داس	استصواب نسبت اپیل مفروقہ	زیر تجویز
″	″	ایضاً	بنے خاں بنام سرکار بہادر	استصواب بابت طلبی شہادت ثبوت بعد سماعت	زیر تجویز
″	″	مسٹر جسٹس محمود شاہ خاں صاحب بہادر	شیر سنگھ بنام کستوری سنگھ وغیرہ	ابتدائی دیوانی دعویٰ تنسیخ حقیقت	برائے وضع تنقیح یکم دسمبر حال ملتوی
″	″	ایضاً	رگھناتھ پرشاد بنام موہن لال	درخواست منتقلی مقدمہ	زیر تجویز
″	″	ایضاً	الطاف حسین بنام دہنو	ابتدائی سیشن جرم دفعات ۳۰۲	برائے دخالی اوراہ ۳۰ نومبر حال مقرر ہوئی
″	″	مسٹر جسٹس گنگا کشور صاحب بہادر	سرکار بہادر بذریعہ سردار حسین خاں بنام ہیرا سیاں	ابتدائی سیشن جرم دفعات ۳۰۲	ملزم ثبوت جرم دفعہ ۳۰۲ [illegible] سزایاب ہوا
[illegible] نومبر ۱۹۳۴ء	دوشنبہ	مسٹر جسٹس محمود شاہ خاں صاحب بہادر	بیا پیخاں وغیرہ بنام نواب زادہ مرشد علی خاں	اپیل دیوانی دعویٰ [illegible]	زیر تجویز

[illegible]	[illegible]	مسٹر سلطان علی خانصاحب بہادر چیف جسٹس و مسٹر جسٹس محمود شاہ خانصاحب بہادر	عبد القادر بنام محمد خاں	نگرانی فوجداری جرم دفعہ ۳۲۳ و ۵۰۴ بابت علائے از دیادہ سزا	برائے سماعت ۲ دسمبر سنہ حال مقرر ہوئی
"	"	ایضاً	بابو رام بنام چمن لال وغیرہ	نگرانی دیوانی بابت انفکاک مکان از قرقی	برائے سماعت ۲ دسمبر سنہ حال مقرر ہوئی
"	"	ایضاً	امداد حسین بنام بابو پرشاد	اپیل دیوانی دعوی استقرار حق	بانتظار داخل کرنے اپیل وکیل بحکم یہ مقدمہ ملتوی کیا گیا
"	"	مسٹر جسٹس محمود شاہ خانصاحب بہادر	سوہن لال وغیرہ بنام نیو لال وغیرہ	اپیل دیوانی دعوی استقرار حق	اپیل منظور ہوا اور تجویز عدالت ما تحت منسوخ ہوئی
۲۶ نومبر ۳۲ء	شنبہ	مسٹر سلطان علی خانصاحب چیف جسٹس و مسٹر جسٹس محمود شاہ خانصاحب بہادر	لالہ رتن لال بنام جانکی داس وغیرہ	اپیل دیوانی دعوے وخلیانی وغیرہ تعیین مسافت	زیر پیشی
"	"	مسٹر جسٹس محمود شاہ خانصاحب بہادر	شفیع محمد خاں بنام الطاف علی خاں	ابتدائی دیوانی دعوی وخلیانی آراضی	زیر پیشی
"	"	ایضاً	الطاف حسین بنام دہنو	ابتدائی سیشن جرم دفعہ ۳۰۲	زیر پیشی
"	"	"	سرکار بنام اشرف علی خاں	ابتدائی سیشن جرم دفعہ ۳۶۶	زیر پیشی
"	"	مسٹر جسٹس گنیش کشور صاحب بہادر	جھنو خاں بنام لڈن وغیرہ	اپیل دیوانی دعوی استقرار حق	حسب درخواست اپیلانٹ اپیل خارج کیا گیا
"	"	ایضاً	سید محمد بنام محمد جان خاں وغیرہ	اپیل دیوانی دعوی زر خرچہ	زیر پیشی
"	"	ایضاً	موہن لال بنام رگھناتھ پرشاد وغیرہ	ابتدائی دیوانی دعوی [illegible]	زیر پیشی
"	"	اجلاس کامل	مراری لال بنام شیب چندر	استصواب نسبت اپیل سپرد شدہ بہ سپردار	یہ تجویز ہوا کہ عدالت کو سپردار سے مال واپس لانیکا حق حاصل ہے
"	"	مسٹر سلطان علی خاں صاحب بہادر چیف جسٹس	مراری لال بنام شیب چندر	نگرانی دیوانی نسبت بازیافت سامان از سپردار	بمنظوری نگرانی تجویز عدالت ما تحت منسوخ ہوئی

دستخط صاحب چیف جسٹس بہادر

حکم دفتر افسر صاحب جنگلات

تقرر

۱۸ر نومبر ۱۹۳۳ء

اعجاز احمد فارسٹر ملک نے برائے نیلام سال ۱۹۳۴-۳۵ء جو تخمینہ جات تیار کئے ہیں دوسرے فارسٹر کے ذریعہ سے جانچ کرائی گئی تو معلوم ہوا کہ تخمینہ جات غلط ہیں۔ لہذا تخمینہ جات کی دوبارہ جانچ کیجائیگی، اعجاز احمد فارسٹر ملک کو یکم نومبر ۱۹۳۳ء سے معطل کیا جاتا ہے اور بجائے نامبردہ کے یکم نومبر ۱۹۳۳ء سے حشمت علیخاں ولد کلن خاں ساکن موضع بنیوڑی تحصیل ملک کا تقرر بشرح عہ روپیہ ماہوار پر کیا جاتا ہے۔ اعجاز احمد فارسٹر بھی عہ روپیہ تنخواہ پاتا تھا۔ صدر سے احکام جاری ہوں۔

دستخط افسر صاحب جنگلات

حکم دفتر سپرنٹنڈنٹ صاحب اصطبل

رخصت

(۱۸ر نومبر ۱۹۳۳ء)

مثبتہ تحریر صاحب اکاونٹنٹ جنرل معہ رپورٹ منصرم صاحب اصطبل شمولہ درخواست ونقشہ رخصت مزید رعایتی وسیوم منشی علی گوہر صاحب محرر اصطبل مشاہرہ دار عہ روپیہ از ۱۱ر لغایت ۲۰ر نومبر ۱۹۳۳ء بسلسلہ رخصت سابقہ بوجہ بقائے علالت نامبردہ۔

حکم

حسب رپورٹ منصرم صاحب اصطبل منشی علی گوہر خاں صاحب محرر کی رخصت منظور ہے

بغرض اجرائے احکام سررشتہ صدر کو رسل ہو۔

دستخط صاحب سپرنٹنڈنٹ اصطبل

حکم اجلاس صاحب سول جج بہادر

واقعہ ۲۲ر اکتوبر ۱۹۳۳ء

مثل ۵۵ منفصلہ ۲۲ر اکتوبر ۱۹۳۳ء

مقدمہ علی حسین سائل بنام پیارے لال وچھوٹے لال و مسماۃ مسیتی فریق ثانیان درخواست استقرار دیوالیہ حسب دفعہ ۱۰ قانون دیوالیہ مسمی علی حسین ولد مخو قوم شیخ پیشہ کشتی ساکن موضع کاشی پور تحصیل حضور کو بمقدمہ مذکورہ دیوالیہ قرار دیا جاتا ہے۔ علی حسین دیوالیہ ایکسال کے اندر درخواست ڈسچارج عدالت ہذا میں پیش کرے۔

دستخط صاحب سول جج بہادر

نقشہ اجناس ریاست رامپور

بابت ہفتہ سوم ماہ نومبر ۳۳ء

جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ٹنک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
…م	۱۲ ۱۰ر ۱۲ ۱۰ر / ۱۳ ۱۰ر ۱۳ ۱۰ر	۱۳ ۱۰ر	۱۲ ۱۰ر			۱۳ ۱۰ر	تفصیل سوار و بلاسپور کی نقشہ جات موصول
…خاص	۱۲ ۱۰ر ۱۷ ۱۰ر	۱۵ ۱۰ر	۱۷ ۱۰ر			۱۹ ۱۰ر	نہیں ہوئے۔
…ت آمیز	۱۷ ۱۰ر ۱۸ ۱۰ر	۱۹ ۱۰ر	۱۸ ۱۰ر			۱۷ ۱۰ر	
…ہ	۱۸ ۱۰ر	۱۶ ۱۰ر	۱۹ ۱۰ر			۱۸ ۱۰ر	
…ش	۱۹ ۱۰ر ۱۰ ۱۰ر	۱۰ر	۹ ۱۰ر			۸ ۱۰ر	
…ک	۱۲ ۱۰ر	۱۳ ۱۰ر	۰			۱۰ ۱۰ر	
…ا	۰	۲۰ ۱۰ر	۲۱ ۱۰ر			۲۲ ۱۰ر	
…ی	۰	۰	۰			۲۲ ۱۰ر	
…لجی	۰	۰	۰			۲۰ ۱۰ر	
…سی	۱۳ ۱۰ر ۱۳ ۱۰ر	۱۳ ۱۰ر	۰			۱۲ ۱۰ر	
…ر	۱۱ ۱۰ر	۱۴ ۱۰ر	۰			۱۲ ۱۰ر	
…نج	۱۰ ۱۰ر ۱۱ ۱۰ر	۱۲ ۱۰ر ۱۳ ۱۰ر	۱۱ ۱۰ر			۱۱ ۱۰ر ۱۲ ۱۰ر	
…زرد	۱۱/۱۲ چھٹانک	۱۲ چھٹانک	۱۲ چھٹانک			۱۲ چھٹانک	
…سیاہ	۲ ۱۰ر	۲ ۱۰ر	۲ ۱۰ر			۲ ۱۰ر ولیسی / ۲ ۱۰ر پشینی	
…ن گبد	۲ ۱۰ر	۲ ۱۰ر	۲ ۱۰ر			۲ ۱۰ر	
…ساہر	۹ ۱۰ر	۹ ۱۰ر	۹ ۱۰ر			۹ ۱۰ر	
…لاہوری	۶ ۱۰ر	۷ ۱۰ر	۶ ۱۰ر			۸ ۱۰ر	
…سیاہ	۸ ۱۰ر ۸ ۱۰ر	۸ ۱۰ر	۸ ۱۰ر			۶ ۱۰ر	
[illegible]	۱۸ ۱۰ر ۱۹ ۱۰ر	۳۰ ۱۰ر	۱۹ ۱۰ر			۰	

مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور